BUSINESS RECORDER

BUSINESS RECORDER KARACHI THURSDAY 9 MARCH 2017

هذا من فضل ربي

# HABIB METROPOLITAN BANK

[Subsidiary of Habib Bank AG Zurich]

## NOTICE OF ANNUAL GENERAL MEETING

Notice is hereby given that the Twenty Fifth Annual General Meeting of the shareholders of Habib Metropolitan Bank Ltd. will be held at the Moosa D. Dessai Auditorium, Institute of Chartered Accountants of Pakistan, G-31/8, Chartered Accountants Avenue, Clifton, Karachi on Thursday, 30 March 2017 at 9:00 a.m. to transact the following business:

**ORDINARY BUSINESS**

1. To receive, consider and adopt the Audited Accounts, standalone as well as consolidated, of the Bank for the year ended 31 December 2016 together with the Directors' and Auditors' reports thereon.
2. To approve, as recommended by the Board of Directors, final dividend @ 30% (Rs.3/- per share) in the form of cash.
3. To elect 8 (eight) Directors as fixed by the Board.
4. To appoint Auditors for the financial year ending 31 December 2017 and fix their remuneration. The present Auditors, Messrs. KPMG Taseer Hadi & Co., Chartered Accountants, being eligible, offer themselves for re-appointment.

**SPECIAL BUSINESS**

5. To consider and, if thought fit, pass the following resolution as Special Resolution, with or without modification, to amend the Articles of Association of the Bank in order to enable the e-voting mechanism as prescribed in the Companies (E-Voting) Regulations, 2016 issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP).

   "Resolved that, subject to obtaining the requisite approvals, the Articles of Association of the Bank be and are hereby amended by adding a new Article 81A, appearing after the existing Article 81, as follows:

   81A The provisions and requirements for electronic voting by the members, as prescribed under the applicable laws and regulations from time to time, shall be deemed to be incorporated in these Articles, irrespective of the other provisions of these Articles and notwithstanding anything contradictory therein. Members are allowed to appoint members as proxies for purpose of electronic voting to the extent permitted under the applicable laws and regulations.

   Further resolved that the Chief Executive Officer and the Company Secretary of the Bank be and is hereby authorized to take or cause to be taken any and all actions necessary and incidental for the purposes of altering the Articles of the Bank, and make necessary filings and complete legal formalities as may be required to implement the aforesaid resolution."

6. The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) has allowed companies to circulate the annual audited accounts to members via CD or DVD or USB at their registered addresses at management's discretion, subject to the conditions specified there for. Accordingly, consent of the member is sought for transmission of the annual audited accounts of the Company via CD or DVD or USB and to pass, if deemed appropriate, with or without modification, the following ordinary resolution:

   "Resolved that the Company may transmit the annual audited accounts to the members via CD or DVD or USB instead of hard copies as allowed by the Securities and Exchange Commission of Pakistan.

   Further resolved that the Chief Executive Officer and the Company Secretary be and hereby are authorized to do all such acts and take all such steps as may be necessary or desirable to give effect to the foregoing resolution."

7. To approve expenses related to the Chairman of the Board.
8. To approve remuneration paid to the directors during the year ended 31 December 2016.

A statement of material fact under section 160(1)(b) of the Companies Ordinance, 1984 relating to the aforesaid special business to be transacted at the said Annual General Meeting is being sent to the shareholders along with the notice.

**ANY OTHER BUSINESS**

9. To consider any other business with the permission of the Chair.

By Order of the Board

**RAZA MOHSIN QIZILBASH**
Company Secretary

Karachi: 22 February 2017

**NOTES:**

1. The number of directors to be elected pursuant to Section 178(1) of the Companies Ordinance, 1984, has been fixed at 8 (eight). The following are the retiring directors:

   Mr. Ali S. Habib, Mr. Anjum Z. Iqbal, Mr. Firasat Ali, Mr. Mohomed Bashir, Mr. Mohamedali R. Habib, Mr. Muhammad H. Habib, Mr. Sohail Hasan, and Mr. Tariq Ikram.

2. Any member desirous to contest the election of Directors shall file the following with the Company Secretary of the Bank at its Registered Office, Spencer's Building, I.I. Chundrigar Road, Karachi, not later than fourteen days before the day of the above said meeting:

   a) His/her intention to offer himself/herself for the election in terms of Section 178(3) of the Companies Ordinance, 1984 together with a consent in Form 28. He/She should also confirm that:

(i) He / She is not ineligible to become a director of the Bank under any applicable laws and regulations (including listing regulations of Stock Exchanges).

(ii) Neither he/she nor his/her spouse is engaged in the business of brokerage or is a sponsor, director or officer of a corporate brokerage house.

(iii) He / She is not serving as a director in more than seven listed companies simultaneously. Provided that this limit shall not include the directorships in the listed subsidiaries of a listed holding company.

b) Fit & Proper Test, Affidavit and a completed questionnaire as required in terms of BPRD Circular No. 4 of April 23, 2007.

3. The shareholders' approval is being sought to amend the Articles of Association of the Bank in order to give effect to the requirements of Companies (E-Voting) Regulation, 2016, issued by SECP, thereby facilitating voting through electronic means for the shareholders of the Bank. As recommended by the Board of Directors in the meeting held on February 22, 2017, it is intended to propose the resolution stated in the notice to be passed as Special Resolution in order to effectuate the above.

4. A member entitled to attend and vote at this meeting may appoint another member as his/her proxy to attend the meeting and vote for him/her. Proxy form is enclosed with the Annual report. A proxy must be a member of the Bank. In order to be effective, proxies must be received at the Registered Office of the Bank, duly stamped, signed and witnessed, not less than 48 (forty-eight) hours before the meeting.

5. CDC account holders and sub-account holders are required to bring with them their original National Identity Card or passport along with the participants ID numbers and their account numbers in order to facilitate identification. In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution / power of attorney with specimen signature of the nominee is also required.

6. Members are requested to notify the change of addresses, if any.

7. The share transfer book of the Bank will remain closed from 17 March 2017 to 30 March 2017 (both days inclusive).

**Mandatory Submission of CNIC**

Pursuant to the directives of the Securities & Exchange Commission of Pakistan (SECP), Dividend Warrants shall mandatorily bear the CNIC numbers of shareholders. Therefore, shareholders, having shares in physical form, are requested to submit a copy of their CNIC (if not already provided) to the Bank's Share Registrar M/s. Central Depository Company of Pakistan Limited, CDC House, 99-B, Block-B, S.M.C.H.S., Main Shahrah-e-Faisal, Karachi, without any delay.

In case of non-availability of a valid copy of the CNIC in respect of member having physical shareholding, Dividend Warrant could be withheld in terms of section 251(2)(a) of the Companies Ordinance, 1984, which will be released by the Share Registrar only upon compliance with the aforesaid notifications.

**Deduction of Withholding Tax from Dividend**

The Government of Pakistan through Finance Act, 2016 has made certain amendments in section 150 of the Income Tax Ordinance, 2001 whereby different rates are prescribed for deduction of withholding tax on the amount of dividend paid by the companies. These tax rates are as under:

(a) For filers of income tax returns: 12.5%

(b) For non-filers of income tax returns: 20%

To enable the company to make tax deduction on the amount of cash dividend @ 12.50% instead of 20%, all members whose names are not entered in the Active Tax-Payers List (ATL) provided on the website of Federal Board of Revenue (FBR), despite the fact that they are filers, are advised to make sure that their names are entered into ATL at the earliest possible (as and when declared) otherwise tax on their cash dividend will be deducted @ 20% instead of 12.50%.

For Shareholders holding their shares jointly as per the clarification issued by the FBR withholding tax will be determined separately on 'Filer/Non-Filer' status of Principal shareholder as well as joint-holder(s) based on their shareholding proportions. Therefore, all shareholders who hold shares jointly are required to provide shareholding proportions of Principal shareholder and Joint-holder(s) in respect of shares held by them to the Registrar and Share Transfer Agent in writing as follows:

| Folio/CDC Account No. | Total Shares | Principal Shareholder | | Joint Shareholder(s) | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | Name and CNIC No. | Shareholding Proportion (No.of Shares) | Name and CNIC No. | Shareholding Proportion (No.of Shares) |
| | | | | | |
| | | | | | |

In case of non-receipt, the shareholding will be divided among the joint-holders equally. For any query/difficulty/information, the members may contact the Bank's Share Registrar and Share Transfer Agent, at the following address, phone/fax numbers or e-mail address:

Central Depository Company of Pakistan Limited

CDC House, 99-B, Block-B, P.E.C.H.S., Main Shahrah-e-Faisal, Karachi-74400
Tel: 0800-23275, Fax No. (92-21) 34326053, Email: info@cdcpak.com, URL: www.cdcpakistan.com

**Payment of Cash Dividend Electronically (Optional)**

Under Section 250 (1) of the Companies Ordinance, 1984 a shareholder may, if so desire, direct a company to pay dividend directly into his/her bank account. Shareholders wishing to exercise this option may submit their application to the Company's Share Registrar, *giving particulars relating to their name, folio number, bank account/IBAN number, title* of account and complete mailing address of the bank. CDC account holders should submit their request directly to their broker (participant) / CDC.

**Electronic Transmission of Financial Statements and Notices**

Securities and Exchange Commission of Pakistan through SRO 787 (1)/2014 dated 8th September 2014 allowed the companies to circulate its Annual Audited Financial Statements along with Company's notice of Annual General Meeting to its members through e-mail. Those shareholders who wish to receive the Company's Annual Report through e-mail are requested to send e-mail at **company.secretary@habibmetro.com** their Name, CNIC No., Folio No. & E-mail address at which they wish to receive Annual Report. Please note that Annual Report is being placed at the link: **http://habibmetro.com/financial-reports/**.

In case any member who has provided consent to receive audited financial statements and notice through e-mail, subsequently request for hard copy of audited financial statements, the same shall be provided free of cost within 7 days of the receipt of such request.

THE DAILY JANG KARACHI

روزنامہ جنگ کراچی

بانی..... میر خلیل الرحمٰن

جلد 81 | جمعرات 9 رجمادی الثانی 1438ھ 9 مارچ 2017ء | نمبر 68

هٰذَا مِنْ فَضْلِ رَبِّي

# حبیب میٹرو پولیٹن بینک

(حبیب بینک اے جی زیورخ کا ذیلی ادارہ)

## اطلاع سالانہ اجلاس عام

بذریعہ ہٰذا اطلاع دی جاتی ہے کہ حبیب میٹرو پولیٹن بینک لمیٹڈ کے شیئر ہولڈرز کا پچیسواں سالانہ اجلاس عام بروز جمعرات ۳۰ مارچ ۲۰۱۷ء صبح ۹:۰۰ بجے بمقام موسیٰ ڈی۔ ڈیسائی آڈیٹوریم، انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس آف پاکستان، جی۔۳۱/۸، چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس ایوینو، کلفٹن، کراچی میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا جائے گا۔

### عمومی کارروائی

۱۔ برائے سال مختتمہ ۳۱ دسمبر، ۲۰۱۶ء بینک کے آڈٹ شدہ حسابات انفرادی نیز مجموعی مع ان پر ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، غور وخوض اور منظوری۔

۲۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش کے مطابق حتمی منافع منقسمہ بشرح ۳۰ فیصد (۳ روپے فی شیئر) بشکل نقد کی منظوری۔

۳۔ بورڈ کے تعین کے مطابق ۸ (آٹھ) ڈائریکٹرز کا انتخاب۔

۴۔ ۳۱ دسمبر ۲۰۱۷ء کو ختم ہونے والے مالی سال کیلئے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے معاوضے کا تعین۔ موجودہ آڈیٹرز میسرز کے پی ایم جی تاثیر ہادی اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس، اہل ہونے کی بنا پر خود کو دوبارہ تقرری کے لئے پیش کرتے ہیں۔

### خصوصی کارروائی

۵۔ درج ذیل قرارداد پر بطور خصوصی قرارداد پر غور وخوض اور درست پانے کی صورت میں اس کی ترمیم یا بلاترمیم منظوری۔ جس کے تحت بینک کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترمیم، ای۔ ووٹنگ میکنزم کو اختیار کرنے کی غرض سے کی جائے گی جیسا کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی جانب سے جاری کردہ کمپنیز (ای۔ ووٹنگ) ریگولیشنز ۲۰۱۶ میں مقرر کیا گیا ہے۔

''قرار پایا کہ مطلوبہ منظوریوں کے حصول سے مشروط بینک کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترمیم کی جائے اور ذریعہ ہٰذا ترمیم کی جاتی ہے جس کے تحت ایک نئی شق 81A شامل کی جاتی ہے جو موجودہ آرٹیکل 81 کے بعد ظاہر کی جائے گی اور یہ درج ذیل کے مطابق ہے:

81A ممبران کی جانب سے الیکٹرانک ووٹنگ کیلئے شقیں اور شرائط، جیسا کہ وقتاً فوقتاً نافذ العمل قوانین اور ضوابط کے تحت مقرر کردہ ہے، انہیں ان آرٹیکلز میں شامل تصور کیا جائے گا قطع نظر ان آرٹیکلز کی دیگر شقوں اور ان میں سے متصادم کسی دیگر شق یا امور۔ ممبران کو نافذ العمل قوانین اور ضوابط کے تحت توسیع شدہ اجازت کی غرض سے الیکٹرانک ووٹنگ کے مقصد کیلئے ممبران کو پراکسی مقرر کرنے کی اجازت دی جاتی ہے۔

مزید قرار پایا کہ بینک کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور کمپنی سیکریٹری کو اختیار دیا جائے اور ذریعہ ہٰذا اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ بینک کے آرٹیکلز میں ترمیم کے مقاصد کیلئے کوئی ایک یا وہ تمام ضروری اور اتفاقی اقدامات کریں اور تمام ضروری دستاویزات داخل کریں اور قانونی کارروائیاں مکمل کریں جو مذکورہ بالا قرارداد پر عمل درآمد کیلئے ضروری ہوں''۔

۶۔ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے کمپنیوں کو اجازت دی ہے کہ ممبران کو سالانہ آڈٹ شدہ حسابات بذریعہ سی ڈی یا ڈی وی ڈی یا یو ایس بی ان کے رجسٹرڈ پتوں پر انتظامیہ کی صوابدید پر ارسال کردیں۔ جو کہ اس کیلئے طے کردہ شرائط سے مشروط ہے۔ لہٰذا اس کے مطابق کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ حسابات بذریعہ سی ڈی یا ڈی وی ڈی یا یو ایس بی منتقلی کے لئے ممبران کی اجازت لی جائے اور اس کیلئے درجہ ذیل قرارداد کو درست پانے کی صورت میں ترمیم یا بلاترمیم منظور کرلیا جائے:

''قرار پایا کہ کمپنی سالانہ آڈٹ شدہ حسابات اپنے ممبران کو ہارڈ کاپیوں کے بجائے بذریعہ سی ڈی یا ڈی وی ڈی یا یو ایس بی منتقل کرسکتی ہے جیسا کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے اجازت دی گئی ہے۔

مزید قرار پایا کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر اور کمپنی سیکریٹری کو اختیار دیا جائے اور ذریعہ ہٰذا اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ مذکورہ قراردادوں پر عمل درآمد کیلئے وہ تمام اقدامات بروئے کار لائیں اور وہ تمام کارروائیاں کریں جو اس سلسلے میں ضروری ہوں۔''

۷۔ بورڈ کے چیئرمین سے متعلق اخراجات کی منظوری۔

۸۔ ۳۱ دسمبر ۲۰۱۶ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران ڈائریکٹرز کو ادا کئے جانے والے معاوضے کی منظوری۔

کمپنیز آرڈیننس ۱۹۸۴ء کی دفعہ ۱۶۰(۱)(بی) کے تحت مذکورہ سالانہ اجلاس عام میں انجام دی جانے والی مذکورہ بالا خصوصی کارروائی سے متعلق حقائق پر مبنی مواد کا اسٹیٹمنٹ نوٹس ہٰذا کے ساتھ شیئر ہولڈرز کو ارسال کیا جارہا ہے۔

### کوئی دیگر کارروائی

۹۔ صدر اجلاس کی اجازت سے کسی دیگر کارروائی کی انجام دہی پر غور وخوض۔

حسب الحکم بورڈ

**رضا محسن قزلباش**

کمپنی سیکریٹری

کراچی: ۲۲ فروری ۲۰۱۷ء

نوٹ:

۱۔ کمپنیز آرڈیننس ۱۹۸۴ء کی دفعہ ۱۷۸(۱) کے مطابق منتخب کئے جانے والے ڈائریکٹرز کی تعداد ۸ (آٹھ) مقرر کی گئی ہے۔ درج ذیل ڈائریکٹرز سبکدوش ہو رہے ہیں:

جناب علی ایس۔ حبیب، جناب انجم زیڈ۔ اقبال، جناب فراست علی، جناب محمد بشیر، جناب محمد علی آر۔ حبیب، جناب محمد علی ایچ۔ حبیب، جناب سہیل حسن اور جناب طارق اکرام۔

۲۔ ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے کا خواہشمند کوئی بھی ممبر بینک کے کمپنی سیکریٹری کو اس کے رجسٹرڈ آفس، اسپینسر بلڈنگ، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی میں درج ذیل دستاویزات مذکورہ بالا اجلاس کے

دن سے کم از کم ۱۴ دن قبل جمع کراسکتا ہے:

اے) کمپنیز آرڈیننس ۱۹۸۴ کی دفعہ ۱۷۸(۳) کی شرائط کے مطابق انتخاب کیلئے خود کو پیش کرنے کے ارادے کا نوٹس مع فارم ۔۲۸ پر ایک اجازت نامہ۔ اسے درج ذیل امر کی تصدیق بھی کرنا ہوگی:

(i) وہ کسی نافذ العمل قوانین اور ضوابط (بشمول لسٹنگ ضوابط بابت اسٹاک ایکسچینج) کے تحت ۔ کا ڈائریکٹر بننے کے لئے نا اہل نہیں ہے۔

(ii) نہ ہی وہ اور نہ ان کی/ کا شریک حیات بروکریج کے کاروبار میں وابستہ ہے یا اسپانسر، ڈائریکٹر یا کسی کارپوریٹ بروکریج ہاؤس کا/ کی ڈائریکٹر ہے۔

(iii) وہ بیک وقت ۷ سے زائد لسٹڈ کمپنیوں میں بحیثیت ڈائریکٹر خدمات انجام نہیں دے رہا/ رہی ہے۔ واضح رہے کہ اس تجدید میں کسی لسٹڈ ہولڈنگ کمپنی کی لسٹڈ ذیلی کمپنیوں میں ڈائریکٹر شپ شامل نہیں ہے۔

بی) درست اور موضوع ٹیسٹ، حلف نامہ اور ایک مکمل سوالنامہ جیسا کہ بی پی آر ڈی سرکلر نمبر 4 بابت ۲۳ اپریل ۲۰۰۷ء کی شرائط کے مطابق ضروری ہے۔

۳۔ ایس ای سی پی کی جانب سے جاری کردہ کمپنیز (ای۔ ووٹنگ) ریگولیشنز کی شرائط پر عمل درآمد کیلئے بینک کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترمیم کی غرض سے شیئر ہولڈرز کی منظوری حاصل کی جارہی ہے جس کے ذریعے بینک کے شیئر ہولڈرز کے لئے الیکٹرانک طریقہ کے ذریعے ووٹنگ کی سہولت حاصل کی جائے گی۔ جیسا کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے ان کے اجلاس منعقدہ ۲۲ فروری ۲۰۱۷ء میں سفارش کی گئی تھی یہ تجویز ہے کہ نوٹس میں بیان کردہ قراردادوں کو درج بالا امور پر عمل درآمد کی غرض سے بطور خصوصی قرارداد منظور کرلیا جائے۔

۴۔ ہر وہ ممبر جسے اجلاس ہٰذا میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حق حاصل ہے کسی دوسرے ممبر کو اپنے بجائے شرکت کرنے اور ووٹ دینے کیلئے اپنا پراکسی مقرر کرسکتا/ سکتی ہے۔ پراکسی کا فارم سالانہ رپورٹ کے ساتھ منسلک ہے۔ پراکسی کیلئے بینک کا ممبر ہونا لازمی ہے۔ موثر العمل ہونے کیلئے پراکسیز بینک کے رجسٹرڈ آفس میں باقاعدہ دستخط شدہ، اسٹیمپ شدہ اور گواہوں کے دستخطوں کے ساتھ اجلاس سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل لازماً موصول ہوجائیں۔

۵۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز اور سب اکاؤنٹ ہولڈرز کیلئے لازم ہے کہ وہ اپنا اصل کارآمد سی این آئی سی/ پاسپورٹ مع پارٹیسپینٹس آئی ڈی نمبرز اور اپنے اکاؤنٹ نمبرز شناخت میں سہولت کیلئے ہمراہ لائیں۔ کارپوریٹ اداروں کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی مع نامزد کردہ شخص کے نمونہ کے دستخط بھی لازم ہیں۔

۶۔ ممبران سے درخواست ہے اپنے پتہ میں کسی تبدیلی سے اگر ہوئی ہو، فوری مطلع فرمائیں۔

۷۔ بینک کی شیئر ٹرانسفر بک ۱۷ مارچ ۲۰۱۷ء تا ۳۰ مارچ ۲۰۱۷ء (بشمول ہر دو یوم) بند رہے گی۔

## سی این آئی سی کا لازمی جمع کرانا:

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی ہدایات کے مطابق ڈیویڈنڈ وارنٹس پر شیئر ہولڈرز کے سی این آئی سی نمبرز کا اندراج ضروری ہے۔ لہٰذا فزیکل صورت میں شیئرز رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ اپنے سی این آئی سی کی کاپی (اگر پہلے فراہم نہیں کی گئی) بینک کے شیئر رجسٹرار میسرز سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، ۹۹۔ بی، بلاک۔ بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی کو بلا تاخیر جمع کرادیں۔

فزیکل شیئر ہولڈنگ کے حامل ممبر کی صورت میں سی این آئی سی کی کارآمد کاپی کی عدم دستیابی پر کمپنیز آرڈیننس ۱۹۸۴ کی دفعہ ۲۵۱(۲)(اے) کے ضوابط کے مطابق ڈیویڈنڈ وارنٹس روکے جاسکتے ہیں جو صرف مذکورہ بالا نوٹیفکیشن پر عملدرآمد کی صورت میں شیئر رجسٹرار کی جانب سے ریلیز کئے جائیں گے۔

## منافع منقسمہ سے ووہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی:

حکومت پاکستان نے فنانس ایکٹ ۲۰۱۶ء کے تحت انکم ٹیکس آرڈیننس ۲۰۰۱ کی دفعہ ۱۵۰ میں چند ترامیم کی ہیں جن کے ذریعے کمپنیز کی جانب سے ادا کئے جانے والے منافع منقسمہ کی رقم پر ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کیلئے مختلف ریٹس مقرر کئے گئے ہیں۔ یہ ٹیکس ریٹس درج ذیل ہیں:

(اے) برائے انکم ٹیکس ریٹرنز کے فائلرز ۱۲٫۵۰ فیصد

(بی) برائے انکم ٹیکس ریٹرنز کے نان۔ فائلرز ۲۰ فیصد

کمپنی کو نقد منافع منقسمہ کی رقم پر ۲۰ فیصد کے بجائے ۱۲٫۵۰ فیصد کی شرح سے ٹیکس کی کٹوتی کا اہل بنانے کیلئے وہ تمام ممبران جن کے نام فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی ویب سائٹ پر فراہم کردہ ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (اے ٹی ایل) پر موجود نہیں ہیں، باوجود اس حقیقت کے کہ وہ فائلرز ہیں، انہیں آگاہ کیا جاتا ہے کہ وہ جلد از جلد اے ٹی ایل پر اپنے ناموں کی موجودگی کو یقینی بنائیں (جیسا کہ اعلان کیا گیا ہے) بصورت دیگر ان کے نقد منافع منقسمہ پر ۱۲٫۵۰ فیصد کے بجائے ۲۰ فیصد کی شرح سے ٹیکس کی کٹوتی کی جائے گی۔

ایف بی آر کی جاری کردہ وضاحت کے مطابق جوائنٹ ہولڈنگ کے حامل شیئر ہولڈرز کے ودہولڈنگ ٹیکس کی تشخیص پرنسپل ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈر(ز) کی ہولڈنگ کے تناسب سے "فائلر/ نان فائلر" حیثیت کی بنیاد پر جداگانہ ہوگی، لہٰذا وہ تمام شیئر ہولڈرز جو کہ جوائنٹ ہولڈنگ رکھتے ہیں رجسٹرار اور شیئر ٹرانسفر ایجنٹ کو تحریراً مندرجہ ذیل فارمیٹ میں پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈر(ز) کی ہولڈنگ کے تناسب سے آگاہ کریں:

| فولیو/ سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر | مجموعی شیئرز | پرنسپل شیئر ہولڈر | | جوائنٹ شیئر ہولڈر (ہولڈرز) | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | نام اور سی این آئی سی نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد) | نام اور سی این آئی سی نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد) |
| | | | | | |
| | | | | | |

عدم وصولی کی صورت میں جوائنٹ ہولڈرز کے درمیان منافع منقسمہ مساوی تقسیم کردیا جائے گا۔ کسی استفسار/ سوالات/ معلومات کیلئے ممبران بینک کے شیئر رجسٹرار اور شیئر ٹرانسفر ایجنٹ سے درج ذیل پتے، فون/ فیکس نمبرز یا ای میل پتے پر رابطہ کرسکتے ہیں:

سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ

سی ڈی سی ہاؤس، ۹۹۔ بی، بلاک۔ بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی۔ ۷۴۴۰۰

فون: 0800-23275، فیکس: 34326053 (21-92)، ای میل: info@cdcpak.com یو آر ایل: www.cdcpakistan.com

## نقد منافع منقسمہ کی الیکٹرانکلی ادائیگی (اختیاری)

کمپنیز آرڈیننس ۱۹۸۴ کی دفعہ ۲۵۰(ا) کے تحت ایک ممبر، اگر وہ چاہے، کمپنی کو براہِ راست اپنے بینک اکاؤنٹ میں منافع منقسمہ جمع کرنے کی ہدایت دے سکتا/ سکتی ہے۔ اس اختیار کو استعمال کرنے کے خواہشمند شیئر ہولڈرز اپنی درخواستیں کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو جمع کرادیں جن میں ان کے نام، فولیو نمبر، بینک اکاؤنٹ/ آئی بی اے این نمبر، اکاؤنٹ کے ٹائٹل سے متعلق تفصیلات اور بینک کا مکمل ڈاک کا پتہ درج ہو۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز اپنی درخواست براہِ راست اپنے بروکر (پارٹیسپینٹ)/ سی ڈی سی کو جمع کرادیں۔

## مالیاتی حسابات اور نوٹسز کی الیکٹرونک ٹرانسمیشن

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اپنے ایس آر او ۷۸۷(ا)۲۰۱۴ مورخہ ۸ ستمبر ۲۰۱۴ء کے ذریعے کمپنیوں کو اپنے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات بشمول کمپنی کے سالانہ اجلاسِ عام کے نوٹس اپنے ممبران کو بذریعہ ای میل ارسال کرنے کی اجازت دی ہے۔ وہ شیئر ہولڈرز جو کمپنی کی سالانہ رپورٹ بذریعہ ای میل وصول کرنے کے خواہشمند ہوں، ان سے درخواست ہے کہ company.secretary@habibmetro.com کے پتے پر اپنے نام، سی این آئی سی نمبر، فولیو نمبر اور ای میل ایڈریس، جس پر وہ سالانہ رپورٹ وصول کرنے کے خواہاں ہوں، ای میل کردیں۔ برائے مہربانی آگاہ رہیں کہ سالانہ رپورٹ اس لنک پر بھی دستیاب ہے۔ http://habibmetro.com/financial-reports/

اگر کوئی ممبر جو آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات اور نوٹسز بذریعہ ای میل وصول کرنے کی اجازت کے ساتھ آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات کی ہارڈ کاپی کیلئے بھی درخواست کرے گا تو وہ اس کی درخواست کی وصولی کے سات دنوں کے اندر بلا قیمت فراہم کردی جائے گی۔